© rasailojaraid.com

# ضمنی امتحان کی تاریخ میں تبدیلی

وفاق المدارس کے ضمنی امتحان 1438ھ کی مقررہ تاریخوں میں یوم آزادی 14 اگست شامل ہونے کی وجہ سے ضمنی امتحان کی تاریخیں تبدیل کر دی گئی ہیں۔ اب ضمنی امتحان کا انعقاد حسب ذیل تاریخوں کے مطابق ہوگا۔ ان شاءاللہ

**15، 16، 17 اگست 2017ء**

**مطابق 22، 23، 24 ذیقعدہ 1438ھ**

**بروز منگل، بدھ، جمعرات**

ضمنی امتحان کا داخلہ 29 شوال مطابق 24 جولائی تک دفتر وفاق کو وصول ہونا چاہیئے۔ سابقہ نصاب کے مطابق عالمیہ کے امتحان میں راسب/ ضمنی طالبات بھی ضمنی امتحان میں شرکت کرسکتی ہیں۔

## داخلہ فیس کی شرح

متوسطہ 325، ثانویہ عامہ 340، ثانویہ خاصہ سال اول 355، ثانویہ خاصہ سال دوم 365، عالیہ سال اول 410، عالیہ سال دوم 420، عالمیہ سال اول 510، عالمیہ سال دوم 520 روپے۔ دراسات دینیہ سال اول 390، دراسات دینیہ سال دوم 410، تجوید للحفاظ 330، تجوید للعلماء 400 روپے ہے۔

## "وفاق" کی قدیم فاضلات کا امتحان

قدیم فاضلات وفاق کا امتحان 16 اگست 2017ء/23 ذیقعدہ 1438ھ بروز بدھ منعقد ہوگا۔ ان شاءاللہ

## داخلہ فیس قدیم فاضلات

میٹرک پاس قدیم فاضلات (جو ایک ہی امتحان دیں گی) کی امتحانی فیس 3000 روپے ہوگی جبکہ غیر میٹرک فاضلات کیلئے پہلے امتحان کی فیس 2000 روپے اور دوسرے امتحان کی فیس 1500 روپے ہوگی۔

© rasailojaraid.com